## ایم کیوایم یوکے کی جانب سے جاری رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں لندن کے علاقے ٹوٹنگ میں اجتماع کا انعقاد
## کئی پاکستانی نوجوانوں، بزرگوں اورخواتین نے ایم کیوایم کے ممبرشپ فارم بھرکر پارٹی کی رکنیت اختیار کی
## پاکستان کی معاشی تباہی اورغریب ومتوسط طبقہ کے تمام تر مسائل ومشکلات کی جڑ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے۔جاوید کاظمی
## عوام اگراپنے مسائل کاحل چاہتے ہیں توانہیں چندخاندانوں کی سیاسی اجارہ داری سے چھٹکارہ حاصل کرنا ہوگا۔ڈاکٹرسلیم دانش
## ایم کیوایم یوکے کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں اجتماع سے خطاب

لندن۔۔۔ 27 مارچ2010ء

ایم کیوایم یوکے کی جانب سے جاری رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں لندن کے علاقے ٹوٹنگ( Tooting ) میں ایک اجتماع منعقدکیا گیاجس میں ٹوٹنگ میں آباد پاکستانی نوجوانوں، بزرگوں،خواتین اوربچوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید کاظمی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ پاکستان کی معاشی تباہی اورغریب ومتوسط طبقہ کے تمام تر مسائل ومشکلات کی جڑ ملک میں گزشتہ 62برسوں سے رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے۔ایم کیوایم پاکستان کواس فرسودہ جاگیردارانہ نظام سے چھٹکارہ دلانا چاہتی ہے اورملک کومعاشی تباہی کی دلدل سے نکال کرترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا کرنا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کی وجہ ہی سے ملک دولخت ہوااور یہ فرسودہ نظام آج بچے کچھے ملک کی جڑیں کھوکھلی کررہا ہے اورملک کوکمزورکررہا ہے۔جاگیردارانہ نظام کے باعث ملک میں امیرطبقہ امیر سے امیرتر اورغریب طبقہ غریب سے غریب تر ہورہا ہے،2 فیصدمراعات یافتہ طبقہ خوشحال ملک کنگال اورعوام بدحال ہورہے ہیں۔جاوید کاظمی نے کہا کہ جب تک پورے ملک سے غریب ومتوسط طبقہ سےتعلق رکھنے والے باصلاحیت افراداقتدارکے ایوانوں میں نہیں پہنچیں گےاورملک سے فیوڈل سسٹم ختم نہیں ہوگا اس وقت تک نہ تو ملک کے غریب عوام کی قسمت بدل سکتی ہےاورنہ ہی ملک ترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ تمام پاکستانی ملک سےفرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اورغریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کریں اورایم کیو ایم کی جدوجہد میں شامل ہوں۔ ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کےغریب ومتوسط طبقہ کےعوام اگراپنے مسائل کاحل چاہتے ہیں توانہیں چندخاندانوں کی سیاسی اجارہ داری سے چھٹکارہ حاصل کرنا ہوگا اورایم کیوایم کی طرح اپنی صفوں سے قیادتیں نکالنا ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کےنمائندوں نےعوام کی بلاامتیازخدمت کرکےاورشہروں کو بے مثال ترقی دیکراپنے عمل سے ثابت کردیا ہے کہ اب مڈل کلاس کی باصلاحیت نوجوان قیادت ہی ملک اورعوام کی حالت بدل سکتی ہے۔اجتماع سےایم کیوایم یوکےکی آرگنائزنگ کمیٹی کےارکان ریحان عباسی،علی مرتضیٰ اورٹوٹنگ کے یونٹ انچارج محمدشمائل نے بھی خطاب کیااورایم کیوایم کی رکنیت سازی میں بھرپورانداز میں شرکت پرحاظرین کاشکریہ اداکیا۔اس موقع پرکئی نوجوانوں، بزرگوں اورخواتین نے ایم کیوایم کےممبرشپ فارم بھرکر پارٹی کی رکنیت اختیار کی۔

## مقامی اخبارکے مدیراعلیٰ وائے پی این ایس کے رکن قاضی اسدعابداوراسپیکرقومی اسمبلی ڈاکٹرفہمیدہ مرزاکے بڑے بھائی
## میجرڈاکٹر(ر) قاضی انورکےانتقال پررابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔27،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی اخبار کے مدیراعلیٰ وائے پی این ایس کے رکن قاضی اسدعابداوراسپیکرقومی اسمبلی ڈاکٹرفہمیدہ مرزاکے بڑے بھائی میجرڈاکٹر(ر) قاضی انورکےانتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کااظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کےتمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورڈاکٹرفہمیدہ مرزا،قاضی اسدعابدسمیت مرحوم کےتمام سوگوارلواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کاحوصلہ عطاکرے۔(آمین)

## ہزارہ فرنٹ پاکستان کی چیئرمین ڈاکٹر لیلیٰ پروین کی سربراہی میں وفد کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی ۔۔۔27، مارچ 2010ء

ہزارہ فرنٹ پاکستان کی چیئر پرسن ڈاکٹر محترمہ لیلیٰ پروین کی سربراہی میں ایک وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، کنور خالد یونس اور اشفاق منگی سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کیلئے ان کی عملی جدوجہد کو سراہا۔اس موقع پر ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان خٹک، جوائنٹ انچارج شکیل عباسی اور رکن اشرف اور کزئی بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ڈاکٹر لیلیٰ پروین نے ہزارے وال قوم کو درپیش مسائل سے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو آگاہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کو سراہتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کو اپنی بھرپور حمایت اور تعاون کا یقین بھی دلایا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں بسنے والی تمام قومیتوں کی آواز ہے اور ایم کیوایم ہزارے وال قوم کے مسائل اور ان کے جائز حقوق کیلئے ہر پلیٹ فارم پر آواز اٹھاتی رہے گی۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان پوسٹ آفس یونٹ کے کارکن ندیم احمد انصاری انتقال کر گئے

## الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔27، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن پاکستان پوسٹ آفس یونٹ کے کارکن ندیم احمد انصاری علالت کے باعث انتقال کر گئے ۔مرحوم کینسر کے مرض میں مبتلا تھے گزشتہ روز ان کی طبیعت زیادہ بگڑ گئی اور وہ انتقال کر گئے ۔مرحوم کی عمر 40 سال تھی اور ان کے سوگواران میں 3 بہنیں اور 4 بھائی شامل ہیں ۔ندیم احمد انصاری مرحوم کو اورنگی ٹاؤن ساڑھے گیارہ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ندیم احمد انصاری مرحوم کا سوئم 28 مارچ بروز اتوار کو صبح 11 بجے اورنگی ٹاؤن ساڑھے گیارہ میں واقع جامع مسجد بیت السجو د میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن پاکستان پوسٹ آفس یونٹ کے کارکن ندیم احمد انصاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ندیم احمد انصاری کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆☆